# نتیش نے کیا حاجی پور صنعتی علاقے کا دورہ

حاجی پور: (یواین آئی) بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے پیر کو حاجی پور صنعتی علاقے کا دورہ کر کے صنعتی یونٹوں، نیو جیل سیزل ویئر پرائیویٹ لمیٹڈ، کامپیٹنس ایکسپورٹ پرائیویٹ لمیٹڈ اور بریٹانیا انڈسٹریز لمیٹڈ کا معائنہ کیا۔ مسٹر کمار نے دورے کے دوران نیو جیل سیزل ویئر پرائیویٹ لمیٹڈ کا معائنہ کر کے وہاں تیار کئے جا رہے مختلف قسم کے ملبوسات اور کام کر رہے کارکنان کی تعداد کے سلسلے میں افسران سے مفصل معلومات حاصل کیں۔ اس دوران وزیر اعلیٰ نے ٹیلرنگ کے کام میں مصروف کارکنوں سے بات چیت کر صنعتی یونٹ کی جانب سے فراہم کی جا رہی سہولیات وغیرہ کے تعلق سے معلومات لیں۔ مسٹر کمار نے اس کے بعد حاجی پور صنعتی علاقے کے تحت کامپیٹنس ایکسپورٹ پرائیویٹ لمیٹڈ کا معائنہ کیا۔ معائنہ کے دوران وزیر اعلیٰ نے کامپیٹنس ایکسپورٹ پرائیویٹ لمیٹڈ میں تیار کئے جا رہے مختلف قسم کے جوتوں سے متعلق بازار، خام مال کے بارے میں انتظامیہ سے مفصل معلومات حاصل کیں۔ وزیر اعلیٰ مسٹر کمار نے حاجی پور صنعتی علاقے میں واقع بریٹانیا انڈسٹریز لمیٹڈ کا بھی معائنہ کیا۔ اس دوران



افسران نے وزیر اعلیٰ کو بتایا کہ یہاں بنیادی طور پر بسکٹ اور کوکیز کی تیاری ہوتی ہے، جو پورے ہندوستان کے ساتھ ساتھ بیرون ملک بھی بھیجے جاتے ہیں۔ یہ کمپنی بریٹانیا انڈسٹریز لمیٹڈ کا حصہ ہے، جو بسکٹ، بریڈ اور ڈیری مصنوعات کی تیاری کیلئے جانی جاتی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے حاجی پور صنعتی علاقے کی ان صنعتی یونٹوں میں جاری پیداواری سرگرمیوں، صنعت کے فروغ کے امکانات اور روزگار کے مواقع سے متعلق امور سمیت دیگر اہم نکات پر افسران سے تفصیلی گفتگو کی۔ وزیر اعلیٰ نے صنعتی ترقی کو مزید رفتار دینے کیلئے ضروری ہدایات بھی دیں تا کہ زیادہ سے زیادہ روزگار کے مواقع پیدا ہو سکیں۔ قابل ذکر ہے کہ حاجی پور کلسٹر بہار کا ایک اہم صنعتی مرکز ہے، جس میں حاجی پور صنعتی علاقہ اور ایکسپورٹ پرموشن انڈسٹریل پارک سمیت کل نو صنعتی علاقے شامل ہیں۔ اس کلسٹر میں اب تک 289 صنعتی یونٹوں کو زمین الاٹ کی جا چکی ہے۔ کلسٹر میں 291.83 ایکڑ زمین الاٹ ہے جبکہ 304.11 ایکڑ زمین الاٹ کرنے کیلئے دستیاب ہے۔ یہاں صنعتوں کے آپریشن کیلئے 11 کے وی اور 33 کے وی بجلی سپلائی، ترقی یافتہ سڑک نیٹ ورک، سولر اسٹریٹ لائٹ، پانی کی نکاسی کا نظام، باونڈری وال، کلسٹر کی جغرافیائی پوزیشن اور بہتر کنیکٹیویٹی اسے ایک مضبوط صنعتی مرکز بناتی ہے۔ سال 2024-25 کے دوران اس کلسٹر میں سرمایہ کاری، روزگار کے مواقع اور صنعتی ترقی کو فروغ دینے کیلئے کئی قابل ذکر اقدامات کیے گئے۔ یہاں کومفیڈ سدھا ڈیری، سون بسکٹ لمیٹڈ، انمول انڈسٹریز لمیٹڈ، بریٹانیا انڈسٹریز لمیٹڈ، گودریج ایگروویٹ لمیٹڈ، ایس۔ ایل۔ ایم۔ جی بیوریجز پرائیویٹ لمیٹڈ اور ایون سائیکل لمیٹڈ جیسی معزز کمپنیوں نے سرمایہ کاری کی، جس سے مقامی سطح پر روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوئے ہیں۔

## ٹریلر کی ٹکر سے تین ہلاک

اجمیر: (یواین آئی) راجستھان کے جے پور کے سول لائنز تھانہ علاقے میں اتوار کی دیر رات ٹریلر کی زد میں آ کر کار میں سوار تین افراد کی موت کے بعد مشتعل دیہاتیوں نے پیر کو ہائی وے کو بند کر دیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق ایک دیہی خاندان کے تین افراد رات 11 بجے کے قریب اپنے گاؤں لوٹ رہے تھے۔ کل رات جب ہائی وے پر ایک ٹریلر نے ان کی کار کو ٹکر مار دی جس سے نوجوان جوڑے اور ان کے بیٹے کی موت ہو گئی۔ اس واقعہ کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے مشتعل دیہاتیوں نے آج صبح 11 بجے کے قریب جائے وقوعہ پر نعرے لگائے اور پولیس اور انتظامی حکام کی آمد کا مطالبہ کیا۔ اطلاع ملتے ہی تحصیلدار اوم سنگھ بھاری پولیس فورس کے ساتھ جائے وقوعہ پر پہنچے اور مشتعل گاؤں والوں کو بمشکل سمجھانے کے بعد ناکہ بندی ختم کروائی۔ گاؤں والوں نے تحصیلدار کو بتایا کہ شاہراہ پر بڑے گڑھوں اور سروس لین پر سڑک کی خستہ حالی کی وجہ سے متعدد حادثات رونما ہو چکے ہیں جس کے نتیجے میں متعدد دیہاتی ہلاک اور شدید زخمی ہو چکے ہیں۔ گاؤں والوں کی درخواست پر ہائی وے حکام نے سڑک کے تباہ شدہ حصے کی مرمت کر دی ہے۔



بھوجپور: چاقو سے حملے میں جے ڈی یو لیڈر شدید زخمی، جسم پر پانچ ٹانکے لگے، حالت نازک، ملزمان کی تلاش تیز۔

## ٹریڈ یونینیں کا نئے لیبر قوانین کے خلاف ملک گیر مظاہرہ کل

شری گنگا نگر: (یو این آئی) آل انڈیا فارم اینڈ رورل لیبررس یونین کی ریاستی صدر درگا سوامی نے مرکزی حکومت کے ذریعہ حال ہی میں نافذ کیے گئے چار نئے لیبر قوانین پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ قوانین مزدوروں کے مفادات کے تحفظ کے بجائے صنعتی گھرانوں اور سرمایہ داروں کے حق میں ہیں۔ محترمہ سوامی نے پیر کے روز راجستھان کے شری گنگا نگر میں پریس ریلیز جاری کرتے ہوئے بتایا کہ ان قوانین سے مزدور طبقے کی حالت مزید خراب ہو جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ ملک کی مزدور تنظیموں نے برسوں کی جدوجہد کے بعد جو قوانین مزدوروں کے حق میں نافذ کروائے تھے ان میں سے زیادہ تر دفعات کو مودی حکومت نے ان نئے قوانین کے ذریعے ختم کر دیا ہے۔ محترمہ سوامی نے کہا کہ نئے لیبر قوانین میں مزدوروں کے لیے کچھ بھی مثبت نہیں ہے۔ بلکہ مزدوری کے اوقات، اجرت کا تعین، ملازمت پر رکھنا اور نکالنا جیسے تمام اہم اختیارات آجرین کے ہاتھوں میں دے دیے گئے ہیں۔

قوانین میں استعمال کیے گئے مبہم اور پوشیدہ الفاظ مزدوروں کو ان کے حقوق سے محروم کرنے کے لیے بنائے گئے ہیں۔ ان قوانین کے نافذ ہونے کے بعد مزدور ناانصافی کے خلاف آواز بھی نہیں اٹھا سکیں گے کیونکہ تمام راستے بند کر دیے گئے ہیں۔ انہوں نے اسے مزدوروں کی غلامی کی جانب ایک بڑا اقدام قرار دیا، جہاں آجر بغیر کسی جوابدہی کے مزدوروں کا استحصال کر سکیں گے۔ پرانے قوانین میں مزدوروں کو ملنے والے تحفظ، جیسے کم از کم اجرت، کام کے اوقات کی حد اور یونین بنانے کا حق اب مکمل طور پر کمزور کر دیا گیا ہے۔ محترمہ سوامی نے کہا کہ جس طرح تین زرعی قوانین صنعت کاروں کے حق میں تھے اور کسانوں و مزدوروں نے مل کر شدید احتجاج کیا اسی طرح ان نئے لیبر قوانین کے خلاف بھی سخت جدوجہد ضروری ہے۔ حکومت نے انہیں بھی بالکل اسی انداز میں نافذ کیا ہے، جیسے زرعی قوانین کو، لیکن مزدور طبقہ اب خاموش نہیں بیٹھے گا۔ انہوں نے بتایا کہ ملک کی 10 بڑی ٹریڈ یونینوں نے ان نئے لیبر قوانین کے خلاف 26 نومبر کو ملک گیر احتجاج کا اعلان کیا ہے۔ اس روز مزدور طبقہ سڑکوں پر اترے گا اور ان قوانین کے خلاف بھرپور احتجاج کرے گا۔

## حکومت بہار کا بڑا اقدام: لیبر کوڈ کو زمینی سطح پر نافذ کرنے کا عمل شروع

پٹنہ: (یواین آئی) مرکز کی جانب سے نافذ کئے گئے چار لیبر کوڈ کو ریاست میں مؤثر طور پر زمینی سطح پر نافذ کرنے کی تیاری میں بہار حکومت اب ایک اہم قدم اٹھانے جا رہی ہے۔ محنت و وسائل محکمہ اس سمت میں قواعد و ضوابط کا خاکہ تیار کر رہا ہے جس کے تحت کام کے اوقات، نائٹ شفٹ سمیت مزدوروں سے متعلق متعدد دفعات کو نئے سرے سے منظم کیا جائے گا۔ محنت و وسائل محکمہ کے عہدیداروں کے مطابق آئندہ ایک ماہ کے اندر متعلقہ قوانین سے جڑے ضوابط کو حتمی شکل دے دی جائے گی۔ اس کے بعد انہیں کابینہ کی میٹنگ میں منظوری کے لئے پیش کیا جائے گا۔ کابینہ سے منظوری ملنے کے بعد ریاست میں محنت سے متعلق کئی انتظامی عمل میں بڑی تبدیلی دیکھنے کو ملے گی۔ ضوابط کے مسودہ کی تیاری کے دوران خواتین کی سلامتی اور کام کرنے کی صورت حال کو خصوصی ترجیح دی جا رہی ہے۔ نئی ہدایات کے تحت یہ طے کیا جائے گا کہ کن حالات میں خواتین کو نائٹ ڈیوٹی دی جا سکے گی اور ان کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے آجروں پر کن اصولوں کی پابندی لازم ہوگی۔ بہار میں لیبر مارکیٹ کا سب سے بڑا حصہ غیر منظم شعبے پر منحصر ہے۔ ای۔ شرم پورٹل کے اعداد و شمار کے مطابق ریاست میں تقریباً 3 کروڑ 20 لاکھ مزدور غیر منظم شعبے سے وابستہ ہیں، جبکہ 20 سے 25 لاکھ مزدور منظم شعبے میں برسر روزگار ہیں۔ عہدیداروں کے مطابق اس حقیقت کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت کی جانب سے بنائے جا رہے ضابطے میں غیر منظم شعبے کے مزدوروں کی ضروریات، چیلنجز اور سلامتی کو سب سے زیادہ ترجیح دی جا رہی ہے۔

## کرناٹک میں وزیرِ اعلیٰ کی تبدیلی کے مطالبے پر گھمسان جاری

### دھلی میں ڈٹے ایم ایل اے

نئی دہلی: (یو این آئی) کرناٹک میں وزیرِ اعلیٰ کو بدلنے کے مطالبے پر رسہ کشی ابھی بھی جاری ہے اور چھ سے زیادہ کانگریس کے ایم ایل اے اتوار کی دیر شام دہلی پہنچ گئے۔ گزشتہ ایک ہفتے سے کانگریس ارکانِ اسمبلی کا دہلی آنا مسلسل جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق ان دنوں کرناٹک کانگریس میں سیاسی ہلچل بہت تیز ہو چکی ہے۔ نائب وزیرِ اعلیٰ ڈی کے شیوکمار کے حامی ایم ایل اے وزیرِ اعلیٰ کی تبدیلی کے مطالبے کے ساتھ دہلی میں کانگریس اعلیٰ قیادت سے ملاقات کی کوشش کر رہے ہیں۔ پچھلے ایک ہفتے میں یہ تیسری بار ہے کہ شیوکمار گروپ کے ایم ایل اے دہلی آئے ہیں۔ دہلی میں جمع تمام ایم ایل اے وزیرِ اعلیٰ سِدارمیا کے خلاف ناراضگی ظاہر کر رہے ہیں۔ اراکینِ اسمبلی کا کہنا ہے کہ پارٹی میں سب کچھ ٹھیک نہیں چل رہا اور اعلیٰ قیادت کو اس معاملے میں فیصلہ لینا چاہیے۔ یہ ایم ایل اے اعلیٰ قیادت کے جواب کا انتظار کر رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ایم ایل اے کا غصہ بجٹ کی تقسیم، ٹکٹوں کے بٹوارے اور اقتدار میں شراکت داری جیسے امور سے متعلق ہے۔ واضح رہے کہ کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے بنگلورو میں مقامی رہنماؤں کے ساتھ مسلسل ملاقاتوں میں مصروف ہیں۔ کرناٹک میں وزیرِ اعلیٰ کی تبدیلی کے سوال پر مسٹر کھڑگے نے کہا ہے کہ جلد بازی میں کوئی قدم نہیں اٹھایا جائے گا۔



بھوپال: ووٹروں تک 30 دنوں کے اندر پہنچنا ناممکن، کانگریس لیڈروں نے ایس آئی آر کے عمل کی بدانتظامی کا دعوی کرتے ہوئے الیکشن کمیشن سے رجوع کیا۔

## بجلی فیس میں اضافہ کی خبریں بے بنیاد، عمر عبداللہ کی وضاحت

جموں: (یواین آئی) جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے پیر کے روز واضح کیا ہے کہ حکومت کے پاس بجلی فیس میں اضافے کا کوئی منصوبہ زیر غور نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ افواہیں بلا جواز ہیں اور عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ 'میں نہ صرف وزیر اعلیٰ ہوں بلکہ ریاست کا وزیر بجلی بھی ہوں۔ اگر کوئی تجویز زیر غور ہوتی تو سب سے پہلے میرے علم میں ہوتی، لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس حوالے سے کوئی گفتگو تک نہیں ہوئی ہے۔' انہوں نے کہا کہ کچھ عناصر بجلی فیس میں اضافے کے حوالے سے غلط فہمیاں پھیلا رہے ہیں جو کہ سمجھ سے بالاتر ہے۔ عمر عبداللہ نے کہا کہ حکومت نے موجودہ مالی سال کے بجٹ میں بھی واضح کر دیا تھا کہ بجلی فیس میں اضافہ نہیں کیا جائے گا۔



انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ عوام کو بے بنیاد خبروں پر کان نہیں دھرنا چاہئے اور حکومت شفاف پالیسیوں پر کاربند ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بطور وزیر بجلی، میرے پاس ایسا کوئی منصوبہ موجود نہیں ہے۔ نہ کابینہ نے اس پر گفتگو کی ہے اور نہ محکمہ نے کوئی مسودہ تیار کیا ہے۔ ان کے مطابق حکومت کی اولین ترجیح بجلی نظام کی بہتری، ٹرانسمیشن لائنوں کی مضبوطی اور صارفین کو بہتر خدمات فراہم کرنا ہے، نہ کہ فیس میں اضافہ کرنا۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ افواہیں پھیلانا عوامی مفاد کے خلاف ہے اور اس سے غیر ضروری بے چینی پیدا ہوتی ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ حکومت ہر ممکن کوشش کر رہی ہے کہ سردیوں کے موسم میں بھی بلاتعطل بجلی سپلائی برقرار رہے اور صارفین کو اضافی مالی بوجھ برداشت نہ کرنا پڑے۔

## وزیر اعظم مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ جموں و کشمیر کو 'منرل اسٹیٹ' بنانا چاہتے ہیں: مرکزی وزیر جی کشن ریڈی

جموں: (یواین آئی) مرکزی وزیر برائے کوئلہ و کان کنی جی کشن ریڈی نے پیر کے روز کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امیت شاہ کی خصوصی توجہ جموں و کشمیر کو ملک کی ایک اہم 'منرل اسٹیٹ' کے طور پر ابھارنے پر مرکوز ہے، تا کہ روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں اور کان کنی کے شعبے میں ترقی کا نیا دور شروع ہو۔ جموں پہنچنے پر میڈیا کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے مرکزی وزیر نے کہا کہ جموں و کشمیر میں لائم اسٹون (چونے پتھر) کے بلاکس کی ای۔ آکشن کا عمل پہلی بار شروع ہو رہا ہے، جو کہ علاقے کے لئے تاریخی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام اس بات کا ثبوت ہے کہ مرکزی حکومت جموں و کشمیر میں معدنیات کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور اس کے ذریعے مقامی نوجوانوں کے لئے زیادہ سے زیادہ روزگار پیدا کرنے کے لئے سنجیدہ ہے۔ جی کشن ریڈی نے بتایا کہ وزیر اعظم مودی اور وزیر داخلہ امیت شاہ جموں و کشمیر کے لوگوں کے لئے زیادہ روزگار کے مواقع پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ منرل سرگرمیوں میں اضافہ اس سمت میں ایک بڑا قدم ہے اور آج جو لائم اسٹون بلاکس کی نیلامی ہو رہی ہے، وہ اسی وژن کا حصہ ہے۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ ملک میں 2014 کی سپریم کورٹ کے اہم فیصلے کے بعد کان کنی کے شعبے میں بڑے



پیمانے پر اصلاحات کی گئیں، جن کے تحت معدنی بلاکس کی الاٹمنٹ اب مکمل شفاف ای۔ آکشن سسٹم کے ذریعے کی جاتی ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ملک کی 95 فیصد ریاستوں نے اس نظام کو اپنا کر کامیابی سے نافذ بھی کیا ہے۔ وزارت کے مطابق جموں و کشمیر میں لائم اسٹون کے سات اہم بلاکس کی نشاندہی کی گئی ہے، جو مجموعی طور پر 314 ہیکٹر رقبے پر مشتمل ہیں۔ یہ بلاکس ضلع اننت ناگ، راجوری اور پونچھ میں واقع ہیں اور انہیں جی تین اور جی فور زمرے کے تحت ترقی کے قابل تصور کیا جاتا ہے۔ ان ذخائر کو سیمنٹ فیکٹریوں، تعمیراتی صنعت اور دیگر صنعتی ضروریات کے لئے انتہائی اہم قرار دیا جا رہا ہے۔ کان کنی کے ماہرین کے مطابق ان علاقوں میں معدنیات کی شکل میں موجود دولت نہ صرف جموں و کشمیر کے صنعتی منظرنامے کو تبدیل کر سکتی ہے بلکہ دور دراز علاقوں میں ترقی، بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور مقامی آبادی کی معاشی صورتحال میں بھی نمایاں بہتری لا سکتی ہے۔ مسٹر ریڈی نے اس بات پر زور دیا کہ پہلی بار ہونے والی یہ ای۔ آکشن آنے والے برسوں میں مزید بڑے معدنی بلاکس کے دوار کھولے گی، اور مرکز کی کوشش ہے کہ جموں و کشمیر میں معدنی سرگرمیوں کو عالمی معیار کے مطابق ترقی دی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جموں و کشمیر کے نوجوانوں کے لئے روزگار کے نئے دروازے کھولنے کی بڑی گنجائش ہے۔ لائم اسٹون بلاکس کی نیلامی اسی سمت میں ایک اہم آغاز ہے۔



الموڑہ: چتائی مندر کے قریب بڈ پچھینہ روڈ پر کالیدھر بند کے قریب دو کاریں آپس میں ٹکرا گئیں، جس سے ایک کار 50 میٹر گہری کھائی میں گری، دو افراد زخمی۔

## ویت جیٹ کی ہندوستانی مسافروں کیلئے بنیادی کرایہ میں مکمل چھوٹ کی پیش کش

نئی دہلی: (یواین آئی) ویتنام کی ایئر لائن کمپنی ویت جیٹ نے ہندوستانی مسافروں کے لیے ٹکٹ بکنگ پر بنیادی کرایہ میں مکمل چھوٹ کی پیشکش کی ہے۔ یہ آفر 05 جنوری سے 27 مئی تک کے سفر کے لیے ہے اور بکنگ 24 نومبر سے 30 نومبر تک کی جا سکے گی۔ مکمل چھوٹ صرف بنیادی کرایہ کے لیے ہی ہو گی جبکہ ٹیکس اور فیس کی پوری ادائیگی مسافروں کو کرنی ہوگی۔ اگر بکنگ عام تعطیلات کے دنوں یا پیک پیریڈ کے لیے کی جاتی ہے تو آفر کا فائدہ نہیں مل سکے گا۔ آفر میں ویتنام کے ہنوئی، ہو چی منہ شہر اور دانانگ کو شامل کیا گیا ہے جہاں کے لیے ہندوستان سے ویت جیٹ کی براہ راست پروازیں دستیاب ہیں۔ چھوٹ کے لیے بکنگ ایئر لائنز کی ویب سائٹ سے یا ویت جیٹ ایئر ایپ کے ذریعے کرانی ہوگی اور پروموکوڈ میں انگریزی میں 'تھینک می' لکھنا ہوگا۔ اس کے علاوہ، ویتنام کا سفر کرنے والے بین الاقوامی مسافروں کو بھی خاص فائدہ ملے گا۔ اس سال 31 دسمبر تک ٹکٹ بک کرنے پر مسافروں کو 31 دنوں کے لیے 500 ایم بی ہائی اسپیڈ ڈیٹا والا مفت ای۔ سم ملے گا۔ یہ ای۔ سم کا آپشن مسافر ویت جیٹ کی ویب سائٹ یا ایپ پر ٹکٹ بک کرتے وقت منتخب کر سکتے ہیں۔ ویت جیٹ فی الحال ہندوستان میں دہلی، ممبئی، کوچی، احمد آباد، بنگلورو اور حیدر آباد سے ویتنام کے ہنوئی، ہو چی منہ سٹی اور دانانگ کے لیے براہ راست پروازیں چلاتی ہے۔

## حکومت کا آئی ایم ای آئی نمبرز کے غلط استعمال پر تشویش کا اظہار

نئی دہلی: (یواین آئی) حکومت نے کہا ہے کہ ہندوستان میں موبائل کنکٹیویٹی کی تیزی سے ترقی کے ساتھ آلات کے بین الاقوامی موبائل آلات شناخت (آئی ایم ای ای) نمبروں کا غلط استعمال ایک سنگین تشویش بن گیا ہے۔ وزارت مواصلات نے پیر کو کہا کہ شہری چھیڑ چھاڑ والے آئی ایم ای آئی نمبر والے موبائل ڈیوائسز کا استعمال نہ کریں۔ انہیں جعلی دستاویزات یا دھوکہ دہی کے ذریعہ سم کارڈ نہیں خریدنا چاہئے۔ حکومت نے کسی کے نام پر خریدے گئے سم کارڈز نامعلوم افراد کو دینے کے خلاف بھی مشورہ دیا۔ اس میں کہا گیا ہے کہ جو شہری اپنے نام سے سم کارڈ خریدتے ہیں اور پھر سائبر فراڈ میں غلط استعمال کے لیے دوسروں کو دیتے ہیں وہ بھی مجرم تصور کیے جائیں گے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ شہریوں کو آگاہ ہونا چاہیے کہ چھیڑ چھاڑ والے آئی ایم ای آئی نمبرز کے ساتھ ڈیوائسز کا استعمال، دھوکہ دہی سے سم کارڈ حاصل کرنے یا سائبر فراڈ کے لیے ان کا غلط استعمال کرنے والوں کو اپنے سم کارڈ دینے پر سنگین قانونی نتائج کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اگر کسی شخص کے نام سے خریدا گیا سم کارڈ کسی اور کے ذریعے غلط استعمال ہوتا ہے تو اصل صارف کو بھی قصوروار ٹھہرایا جا سکتا ہے۔ حکومت نے سنچار ساتھی پہل کو بھی نافذ کیا ہے، جو شہریوں کو اپنے موبائل کنکشن کی تصدیق اور محفوظ کرنے کے لیے ڈیجیٹل ٹولز فراہم کرتا ہے۔ حکومت نے ٹیلی کمیونیکیشن وسائل کے غلط استعمال کو روکنے اور تمام شہریوں کے لیے ایک محفوظ ٹیلی کمیونیکیشن ایکو سسٹم کو یقینی بنانے کے لیے سخت تصدیقی طریقہ کار نافذ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیلی کمیونیکیشن ایکٹ 2023، موبائل ہینڈ سیٹس اور دیگر آلات کے آئی ایم ای آئی نمبر سمیت ٹیلی کمیونیکیشن شناخت کنندگان کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کے لیے سخت سزائیں فراہم کرتا ہے۔ خلاف ورزی کی سزا میں تین سال تک قید، 50 لاکھ روپے تک کا جرمانہ، یا دونوں شامل ہیں۔

## دھرمیندر کے آبائی گاؤں لدھیانہ میں سوگ کی لہر

لدھیانہ: پنجاب کے لودھیانہ ضلع میں ایک دوسرے سے 30 کلومیٹر سے بھی زیادہ فاصلے پر واقع دو غیر معروف گاؤں ڈانگو اور ساہنیوال میں ایک چیز مشترک ہے، اور وہ ہیں بالی ووڈ کے ہی مین دھرمیندر۔ اس وقت ان دونوں گاؤں میں مشہور اداکار کے انتقال کی وجہ سے گہرا غم پھیلا ہوا ہے۔ دھرمیندر کا پیر کے روز ممبئی میں 89 سال کی عمر میں انتقال ہو گیا۔ انہوں نے 65 سالہ فلمی سفر میں 300 فلموں میں کام کیا تھا۔ خبری چینلز پر اس عظیم فنکار کے انتقال کی خبر آتے ہی ڈانگو اور ساہنیوال میں سوگ کی فضا چھا گئی۔ دھرم سنگھ دیول 1935 میں ڈانگو گاؤں میں جنم ہوا تھا، اور ان کے والد کیول کشن سنگھ دیول ایک استاد تھے۔ تبادلہ ہونے کے بعد وہ اپنے خاندان سمیت ساہنیوال آ کر آباد ہو گئے تھے۔ دھرمیندر کے دوست پرمندر سنگھ کے مطابق، اداکار یہاں لوگوں سے ایک عام دیہاتی کی طرح گھل مل کر بات چیت کرتے تھے اور بالی ووڈ کے کسی بڑے ستارے جیسی کوئی نمود و نمائش نہیں دکھاتے تھے۔ ان کے دوست نے بتایا کہ انہوں نے ہمیشہ ہمیں یہ احساس دلایا کہ وہ ہم میں سے ہی ایک ہیں۔ لدھیانہ میں ایک بار اداکار کے خاندان کی زمین پر ناجائز قبضہ بھی کر لیا گیا تھا، لیکن مقامی انتظامیہ کی مدد سے وہ زمین واپس دلوا دی گئی تھی۔ اگرچہ بڑھتی عمر کے سبب دھرمیندر ان مقامات پر زیادہ نہیں جاتے تھے، لیکن گاؤں والوں کا کہنا ہے کہ اگر ان گاؤں سے کوئی بھی شخص ممبئی میں ان سے ملنے جاتا تھا تو وہ خوشی خوشی اس سے ملاقات کرتے تھے۔ دھرمیندر کچھ عرصے سے بیمار تھے اور ممبئی کے ایک اسپتال میں زیرِ علاج تھے۔ خاندان نے اسی ماہ کے آغاز میں فیصلہ کیا تھا کہ ان کا علاج گھر پر ہی جاری رکھا جائے۔ وہ 8 دسمبر کو 90 سال کے ہو جاتے۔ دھرمیندر کی شادی پرکاش کور سے ہوئی تھی، جن سے ان کے چار بچے ہیں دو بیٹے، اداکار بوبی اور سنی دیول، اور دو بیٹیاں، وجیتا اور اجیتا۔ سال 1980 میں انہوں نے مشہور اداکارہ ہیما مالنی سے شادی کی۔ اس وقت یہ دعوے کیے گئے تھے کہ انہوں نے اس شادی کے لیے مبینہ طور پر اسلام قبول کیا تھا، تاہم دھرمیندر نے ایسی تمام خبروں کی تردید کی تھی۔ دھرمیندر اور ہیما مالنی کی دو بیٹیاں ہیں ایشا اور اہانا دیول۔ وہ 14 ویں لوک سبھا میں بیانیر سے بی جے پی کے رکنِ پارلیمان بھی رہ چکے ہیں۔

## تمل اداکار وجے کی پارٹی 'ٹی وی کے' نے بھی ایس آئی آر کو سپریم کورٹ میں کیا چیلنج

نئی دہلی: بہار کے بعد ملک کی 12 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں ووٹر لسٹ کی خصوصی گہری نظر ثانی (ایس آئی آر) کا عمل جاری ہے۔ اس عمل کے خلاف پورے ملک میں مخالفت کا سلسلہ جاری ہے۔ ایک طرف سماجوادی پارٹی اور ٹی ایم سی جہاں کھل کر مخالفت کر رہی ہے، دوسری جانب مسلم لیگ نے ایس آئی آر کے خلاف سپریم کورٹ کا رخ کیا ہے۔ اب ایس آئی آر کی مخالفت میں ایک اور پارٹی کا نام سامنے آیا ہے۔ اداکار وجے کی پارٹی تاملگا ویٹری کزگم (ٹی وی کے) نے تمل ناڈو میں الیکشن کمیشن کے ایس آئی آر کو سپریم کورٹ میں چیلنج کیا ہے۔ ٹی وی کے کی عرضی میں ایس آئی آر عمل کو من مانی اور سیاست سے متاثر قرار دیا گیا ہے۔ صرف یہی نہیں ایس آئی آر کی مخالفت میں ریاست کی دوسری پارٹیاں حکمراں ڈی ایم کے سے لے کر بائیں بازو اور دلت پارٹیاں بھی ہیں۔ ٹی وی کے علاوہ حکمراں ڈی ایم کے، سی پی آئی (ایم) کے رکن اسمبلی سیلواپرونتھاگئی اور وودوتھلائی چیروتھائیگل کچی کے رکن پارلیمنٹ تھول





تھرومالاوان نے بھی الگ الگ درخواستیں داخل کی ہیں۔

ان کا کہنا ہے کہ اکتوبر 2024 سے 6 جنوری 2025 تک اسپیشل سمری ریویژن (ایس ایس آر) ہو چکا ہے اور ووٹر لسٹ کو مسلسل اپ ڈیٹ کیا جا رہا ہے۔ اس کے باوجود نئے ایس آئی آر میں 2003 کی ووٹر لسٹ کی بنیاد پر شہریت کی تصدیق کے نئے تقاضے عائد کرنا غلط ہے، جس کی وجہ سے لاکھوں ووٹرس کا نام حذف ہو سکتا ہے۔ تمل ناڈو کے علاوہ کیرالہ، مغربی بنگال اور پڈوچیری میں بھی ایس آئی آر کو چیلنج دینے والی عرضیاں داخل کی گئی ہیں۔ سپریم کورٹ کی جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس جوئے مالیہ باغچی کی بنچ معاملے کی سماعت 26 نومبر کو کرے گی۔ قابل ذکر ہے کہ ٹی وی کے کی جانب سے وکیل لیش وجے پیروی کر رہے ہیں۔

